سبق نمبر 37

[redacted]

گروپ کے راہنما، دُعا کریں اور اس گروپ اور اس کورس کو خدا کے حوالے کریں۔

[redacted]

تعلیم، پرستش کیا ہے؟ پرستش کی تعریف مندرجہ ذیل ہے:
پرستش کا مطلب کسی قسم کی دُعا اور ہمارے طرزِ زندگی سے ظاہر ہونے والا خدا کا خوف، اس کی تعظیم، تابعداری اور لگن ہے۔
خدا کی پرستش کرنے کے لئے ہمیں جاننے کی ضرورت ہے کہ خدا کون ہے۔ اس سبق میں ہم خدا کی حضوری اور قربت کی عادت اپنانے سے پرستش کا اظہار کرنے کے متعلق سیکھیں گے۔

موضوع: پرستش بطور خُدا کی حضوری اور قُربت کی عادت اپنانا۔

1- <u>خُدا ہر جگہ موجود ہے۔</u>

پڑھیں، زبور 139:7-10۔

خدا ایک حقیقت ہے۔ خدا کائنات میں ہر جگہ موجود ہے۔ خدا ہماری شہ رگ سے بھی قریب ہے۔ لیکن ہم ہمیشہ اس کی موجودگی، حضوری اور قربت سے واقف نہیں ہوتے۔ اس لئے ہمیں خدا کی حضوری اور قربت کی عادت اپنانے کی ضرورت ہے۔

2- <u>خُدا کی حضوری میں ہوش و حواس قائم کر کے آنا۔</u>

پڑھیں، زبور 27:4۔

ہمیں ایک چیز کے آرزومند ہونے، ایک چیز مانگنے اور اس کے طالب ہونے کی ضرورت ہے۔ وہ ایک چیز عمر بھر خداوند کے گھر میں رہنا اور اس کے جمال کو دیکھنا ہے۔

ہم یہ عمل کس طرح کر سکتے ہیں؟

- اپنی دُعا اور پرستش کا آغاز خاموشی میں چند وقت سے کریں۔ اس خاموش وقت کے دوران اپنے آپ کو احساس دلائیں کہ خدا آپ کے پاس موجود ہے۔ خدا کی حضوری اور قربت میں باہوش ہو کر اور سوچ سمجھ کر داخل ہوں۔
- اپنی دُعا اور پرستش میں خداوند کے جمال پر غور کریں۔ خدا کے جمال میں اس کی تمام صفات اور خصوصیات شامل ہیں مثلاً اس کی قدرت،

پاکیزگی، راستبازی، مہربانی، محبت اور وفاداری وغیرہ۔ خدا کی ان صفات میں سے کسی ایک کے بارے شعوری طور پر سوچیں۔ روح القدس کو موقع دیں کہ آپ کو خدا کی اس صفت کے بارے بائبل کے صفحات کے ذریعے سمجھائے۔

مندرجہ ذیل دو سوالوں پر غور کریں:

- خدا کی اس صفت کے معنی خدا کے لئے کیا ہیں؟
- خدا کی اس صفت کے معنی شخصی طور پر آپ کے لئے کیا ہیں؟

3- <u>خُدا کے ساتھ سوچ سمجھ کر چلیں۔</u>

پڑھیں، زبور 16:8,11۔

- جو کچھ داؤد کرتا تھا وہ بار بار کریں۔ داؤد ہمیشہ خدا کو اپنے سامنے رکھتا تھا۔ وہ شعوری طور پر اور سمجھداری سے خدا کی حضوری اور قربت کو سوچتا تھا۔
- خدا کو اپنی زندگی کے روزمرہ کاموں میں سوچ سمجھ کر شامل کرنے سے اس کی حضوری میں داخل ہونے کی عادت ڈالیں۔ جب آپ لوگوں سے کوئی تعلق پیدا کرتے ہیں تو خدا کو شامل رکھیں۔ جب آپ کوئی منصوبہ سازی یا فیصلہ کرتے ہیں تو خدا کو شامل رکھیں۔ جب آپ کام یا مطالعہ کرتے ہیں تو خدا کو شامل رکھیں۔
- اپنے آپ کو یاد دلائیں کہ خدا آپ کے داہنے ہاتھ پر کھڑا ہے اور وہ آپ کو جنبش نہیں ہونے دیگا۔

باشعور ہو کر سوچیں کہ آپ کے لئے اس کے یا معنی ہیں کہ "اس وقت خدا آپکے داہنے ہاتھ کھڑا ہے"۔ وہ آپ کو دیکھ رہا ہے اور وہ ہر چیز کو دیکھتا ہے۔ وہ آپ کی باتیں سن رہا ہے اور ہر بات پر دھیان دیتا ہے۔ وہ آپ کے متعلق ہر چیز کو جانتا ہے اور وہ یہاں آپ سے ملنے کے لئے، آپ کی سننے کے لئے اور آپ سے کچھ کہنے کے لئے آپ کے متعلق سوچتا ہے۔ وہ یہاں کسی خاص مقصد کے لئے موجود ہے۔

خدا کی حضوری مختلف اوقات اور مختلف حالات میں آپ کے لئے فرق فرق معنی رکھتی ہے۔ بعض اوقات خدا آپ کے پاس آپ کو آگاہ کرنے، اصلاح دینے یا ملامت کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ کسی وقت خدا آپ کو آرام و تسلی دینے یا آپ کو مضبوط کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ کسی وقت خدا آپ کو قائل کرنے، حوصلہ اور تحریک دینے یا آپ کی مدد کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ اور بعض اوقات خدا آپ کو کچھ سکھانے، آپ پر کوئی بات ظاہر کرنے یا آپ کے سامنے کوئی دروازہ کھولنے یا بند کرنے کے لئے ہوتا ہے۔

- حنوک اور نوح خدا کے ساتھ ساتھ چلتے رہے (پیدائش 5:22,6:9)۔ خدا نے فرمایا کہ "اے ابرام میرا دوست بنے" (یسعیاہ 41:8)۔ یسوع اپنے شاگردوں کو دوست کہتا تھا (یوحنا 15:15)۔ آیئے ہم خدا کی حضوری اور قربت میں باہوش رہنے کی عادت ڈالیں۔

پرجستش۔ آیئے ہم تمین منٹ خاموشی میں دعا کریں۔ خدا کی حضوری اور قربت کے لئے ہوشیار رہوں۔

[redacted]

باری باری بیان کریں (یا اپنے نوٹس میں سے پڑھیں)۔ جو کچھ آپ نے دی گئی بائبل کی عبارت (یشوع 1-4) میں سے خدا سے کے ساتھ شخصی وقت کے دوران سیکھا ہے اس کے نوٹس سے منتخب بیان کریں۔ بیان کرنے والے شخص کو سنجیدگی سے سنیں اور جو کچھ وہ بولتا ہے اس پر بحث نہ کریں۔

[redacted]

ایسے بہت سے طریقے ہیں جس سے مسیحی انجیل کی منادی کر سکتے یا تعلیم دے سکتے ہیں۔ ان میں شامل ہے چھوٹے یا بڑے گروپ میں شخصی ملاقات تحریری مواد، ڈرامہ، موسیقی اور گیت، فلم، ٹی وی اور ریڈیو کے ذریعے انجیل سنانا۔ چھوٹے گروپ میں انجیل سنانے کا ایک نمونہ تحقیقاتی گروپ ہے۔ اس سبق میں آپ سیکھیں گے کہ ایک چھوٹے گروپ میں لوگ اکٹھے مل کر کس طرح بائبل پر تبادلہ خیال کر سکتے ہیں تا کہ اپنے لئے انجیل کا پیغام دریافت کر سکیں۔

A- بشارتی خدمت کے لئے بائبل کے اُصول۔

دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔ بائبل کی ہر عبارت میں خوشخبری سنانے کا اصول کیا ہے؟

1- <u>غیر مسیحیوں کے لئے دُعا کرنا۔</u>

پراھیں، کلسیوں 4:2-4؛ (اعمال 16:14)۔

نوٹس، آپ کے خاندان کے افراد، دوست، ساتھ کام کرنے والے اور پڑوسی جو ایمان نہیں رکھتے ان کے لئے خدا سے مستقل طور پر دُعا کریں کہ آپ کو انہیں خوشخبری سنانے کا موقع فراہم کرے اور ان کے دلوں کو کھولے کہ وہ اس کو قبول کریں۔ دُعا اس بات کا اظہار ہے کہ آپ لوگوں کے دلوں اور زندگیوں کی بابت خدا پر توکل رکھتے ہیں۔

2- <u>غیر مسیحیوں کی زندگیوں میں شامل ہوں۔</u>

پراھیں، یوحنا 1:12؛ (اعمال 10:38)۔

نوٹس، غیر مسیحیوں کے حالات زندگی میں شامل ہونے سے انکی دلچسپی کو بیدار کریں۔ انبیا، منادی مسیح اور رسول بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ ان کے درمیان ایک مثالی زندگی بسر کریں۔ ان کی سرگرمیوں میں شامل ہوں۔ ان کی مشکلات اور دلچسپیوں میں شریک ہوں اور ان میں ذاتی دلچسپی ظاہر کریں۔ ان کو موقع دیں کہ وہ قریب سے اور دیر تک آپ کی زندگی کا مشاہدہ کریں۔ آپ کی زندگی کا معیار، آپ کا توکل، آپ کی وفاداری، شراکت، مدد کرنے کا جذبہ، ذاتی دلچسپی اور محبت مسیح پر ان کے عدم اعتماد یا ناپسندیدگی کو ختم کر سکتے ہیں اور ان کو مسیح کے ساتھ ایک تعلق پیدا کرنے کی طرف کھینچ سکتے ہیں۔

3- <u>غیر مسیحیوں کو اپنی زندگی میں شامل کریں۔</u>

پراھیں، یوحنا 1:38-39؛ (اعمال 10:24-27)۔

نوٹس، غیر مسیحیوں کو اپنے حالات زندگی میں مدعو کرنے سے ان کے اندر دلچسپی پیدا کریں۔ اپنے گھر میں ایک معیاری اور مثالی زندگی بسر کریں۔ اپنا گھر غیر مسیحیوں کے واسطے کھولیں، ان کو دعوت دیں کہ "آؤ اور دیکھو" کہ مسیحی کون ہیں اور کیا کرتے ہیں۔ ان کو اپنی سرگرمیوں اور دوسرے مسیحیوں کے ساتھ اپنے تعلقات میں شریک کریں۔ غیر مسیحیوں کو قریب سے اور دیر تک مشاہدہ کرنے دیں کہ خدا کے ساتھ اور دوسرے مسیحیوں کے ساتھ تعلق ممکن ہے اور یہ تعلقات آپ پر اور آپ کے خاندان پر گہرا اثر رکھتے ہیں۔ جس بات کی آپ تبلیغ کرتے ہیں اس کو حادث بنانا آپ کے پیغام کو طاقتور بنا دیتا ہے۔

4- <u>غیر مسیحیوں کے ساتھ مل کر بائبل کا مطالعہ کریں۔</u>

پڑھیں: رومیوں 10:14-17؛ اعمال 17:2-4، 8:30-31، 35۔

نوٹس: ایمان سننے سے پیدا ہوتا ہے اور سننا مسیح کے کلام سے۔ کسی شخص میں ایمان پیدا کرنے کے لئے انجیل کی منادی، تعلیم اور بیان بہت ضروری ہے۔ غیر مسیحیوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ آپ کے ساتھ مل کر بائبل کو پڑھیں اور تحقیق کریں۔ اس طرح وہ انجیل کا علم اور فہم حاصل کر سکتے ہیں۔

طریقہ کار:۔

مثال کے طور پر، بائبل کی تحقیق کرنے کے لئے ایک گروپ تشکیل دیں۔ چند مہینوں یا ایک سال تک ہفتہ وار عمل کریں۔ آپ کے لائحہ عمل میں اعمال 17 باب کے اجزا شامل ہو سکتے ہیں "بحث"، "کھول کھول کر بیان کرنا"، "دلیلوں سے ثابت کرنا"۔

<u>بحث</u> کا مطلب ہے بائبل کی کسی ایک عبارت پر گفتگو یا تبادلہ خیال کرنا۔ اس کا مطلب تکرار یا بحث بازی نہیں۔

<u>کھول کھول کر بیان کرنا</u> کا مطلب ہے بائبل کی عبارت کے پیچیدہ حصوں کی پوری پوری وضاحت کرنا۔

<u>دلیلوں سے ثابت کرنا</u> کا مطلب ہے بائبل کے دیگر حصوں میں سے ثبوت اور حقائق پیش کرنا (یعنی صلیب کا حوالہ)۔

مقصد:۔

<u>تحقیقاتی گروپ کا مقصد ہے</u> اکٹھے مل کر بائبل میں سے خدا، انسان اور زندگی کے متعلق دریافت کرنا اور ان پر تبادلہ خیال کرنا۔

عنوانات:۔

یہ دریافت کرنے میں غیر مسیحیوں کی مدد کرنا کہ حقیقت میں بائبل کیا کہتی ہے خصوصاً مندرجہ ذیل عنوانات کے متعلق:

خدا کون ہے اور وہ ہمارے ساتھ کس طرح تعلق رکھنا چاہتا ہے؟

یسوع مسیح کون ہے، اس نے زمین پر کیا کیا اور اب وہ کیا کر رہا ہے؟

خدا کے بغیر زندگی کیسی ہے اور کہاں لے جاتی ہے؟

ایک شخص خدا کے ساتھ شخصی تعلق کا تجربہ کس طرح کر سکتا ہے؟

5- <u>غیر مسیحیوں کو موقع دیں کہ وہ خود حقائق دریافت کریں۔</u>

پڑھیں: لوقا 10:25-28؛ اعمال 17:11۔

نوٹس: غیر مسیحیوں کو خود بائبل کے حقائق دریافت کرنے دیں۔ اس کے لئے سوالات کریں اور جو کچھ وہ پڑھتے ہیں اس کے معنی کو سمجھنے میں ان کی مدد کریں۔ اس طرح سچائی ان پر گہرا اثر ڈالے گی اور وہ اس کو بخوبی یاد رکھیں گے۔

6- <u>غیر مسیحیوں کو موقع دیں کہ اپنی ضروریات کی شرائط پر اس کو سمجھیں۔</u>

پڑھیں، لوقا 4:18-19؛ 1- کرنتھیوں 9:19-23۔

نوٹس، غیر مسیحیوں کی مدد کریں تا کہ وہ بائبل کی سچائیوں کو ان شرائط پر سمجھیں جو ان سے متعلقہ دکھائی دیتے ہیں۔

لوگ جس چیزوں کو اپنی زندگیوں میں ضروریات سمجھتے ہیں وہ بہت مختلف ہوتی ہیں۔

<u>کچھ لوگوں کی ضروریات جسمانی ہوتی ہیں۔</u> وہ بیمار، معذور، بھوکے، غریب، آفت زدہ یا ننگے ہوتے ہیں۔

<u>بعض لوگوں کی ضروریات جذباتی ہوتی ہیں۔</u> وہ غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں۔ اپنی شناخت کھو دیتے ہیں۔ اپنے آپ کو پسند نہیں کرتے۔ بڑی جذباتی پریشانی میں رہتے ہیں یا گہرے جذباتی زخموں میں مبتلا ہوتے ہیں۔

<u>تمام لوگوں کی ضروریات روحانی ہوتی ہیں۔</u> وہ ماضی یا حال کے احساس جرم یا شرمندگی میں مبتلا ہوتے ہیں۔ کسی کے خلاف غصہ یا نفرت رکھتے ہیں۔ خدا کے خلاف بغاوت کرتے ہیں یا آسانی سے کھو جاتے ہیں

<u>بعض لوگوں کی ضروریات مزاجی ہوتی ہیں۔</u> یہ بری عادتوں یا برے تعلقات میں پھنسے ہوتے ہیں جس میں انہوں نے حقیقی تسلی کے لئے دھوکہ کا تجربہ کیا ہوتا ہے یا وہ تعلقات بنانے یا کسی نئی سرگرمی کے تعلق سے غیر متحرک ہو چکے ہوتے ہیں ان کو دکھائیں کہ بائبل کے حقائق ان کے ان حالات پر کس طرح اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

7- غیر مسیحیوں کی مدد کریں تا کہ وہ سچائی کو اپنی زندگیوں سے جوڑ سکیں۔

پڑھیں، مرقس 1:14-15؛ اعمال 1:3:19- کرنتھیوں 6:1-2)۔

نوٹس، غیر مسیحیوں کو سرگرم کریں تا کہ وہ بائبل کی سچائیوں کو اپنی زندگیوں سے جوڑیں۔ بائبل کے پیغام کا جواب دینے میں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ ان کو دعوت دیں کہ وہ مسیح کو اپنے دلوں اور اپنی زندگیوں میں اپنا نجات دہندہ اور خداوند قبول کریں۔

خدا نے بائبل صرف اسلئے نہیں دی کہ ہمارے دلوں کو تسلی دے بلکہ اس لئے دی ہے کہ ہماری زندگیوں کو تبدیل بھی کرے۔ خوشخبری سنانے کا یہ پہلو تحقیقاتی گروپ میں نہیں ہوتا بلکہ چھوٹے گروپ کی میٹنگ کے بعد شخصی ملاقات میں ہوتا ہے۔

B- تحقیقاتی گروپ چھوٹے گروپ کی بشارتی خدمت کے لئے ایک رسائی ہوتا ہے۔

تعلیم۔ تحقیقی گروپ کے لئے عملی رسائی۔

1- <u>جگہ، ماحول اور سرگرمیاں۔</u>

<u>جگہ۔</u> ایک مناسب جگہ کا انتخاب کریں یعنی ایک کمرہ یا کوئی خاموش جگہ۔

<u>سائز۔</u> میٹنگ کو چھوٹی رکھیں۔ تقریباً دو یا چار جوڑے (ایک جوڑے میں ایک آپکی اور ایک غیر آپکی)۔

رسائی۔ سرگرمیوں کو غیر رسمی رکھیں۔ چنانچہ تبلیغ کرنے، گیت گانے یا دعا کرنے جیسی خالص مسیحی سرگرمیوں کو شامل نہ کرنا بہتر ہوگا۔ تحقیقاتی گروپ کی سرگرمیاں صرف بائبل پڑھنا اور اس پر تبادلہ خیال کرنا ہیں۔ بعض معاشروں اور جگہوں پر گیتوں یا دعا کی شمولیت فائدہ مند اور مددگار خیال کی جاتی ہے۔ بعض معاشروں میں یہ سرگرمیاں لوگوں کو بنیاد پرستی کی طرف زور کر سکتی ہیں جس کا مطلب ان کا اپنے لئے بائبل کی سچائیوں کو دریافت کرنا ہے۔ جس ممالک میں مسیحی ایذا رسانی کا شکار ہیں وہاں تبلیغ کرنے، گیت گانے اور بلند آواز میں دعا کرنے جیسی سرگرمیاں مخالفوں کی توجہ اپنی طرف کروا سکتی ہیں۔ ایسی صورت حال میں چھوٹے گروپ کو چاہئے کہ نرمی سے بولنے کا فیصلہ کرے تا کہ کوئی دروازہ کے باہر سے ان کی آواز نہ سن سکے۔ ایسے حالات میں ایک جگہ پر اکٹھے نہ آنے جانے کا فیصلہ بھی کریں بلکہ ایک وقت میں ایک ایک یا دو دو کر کے آئیں جائیں۔ فیصلہ کریں کہ آپ کے حالات میں بہتر رسائی کیا ہے۔

پس منظر۔ محفوظ اور انتہائی جدید حالات میں جب تحقیقاتی گروپ تحقیق کر رہا ہو تو پیچھے عام اور اچھی موسیقی چلا کر رکھیں۔ اگر ممکن ہو تو تحقیقاتی گروپ کے تبادلہ خیال سے پہلے اور بعد میں چائے یا کوئی شروب وغیرہ پیش کریں۔

وقت۔ گروپ لیڈر کو متفقہ طور پر 60، 90 یا 120 منٹ کا وقت سے پابند ہونا اور وقت پر شروع اور وقت پر ختم کرنا چاہئے۔ یہ خاص کر جدید معاشرہ میں ضروری ہے جہاں لوگوں کو مطالعہ کرنا ہے کیونکہ ان کی اور بھی مصروفیات ہیں۔

2- ایک مسیحی اور ایک غیر مسیحی کا جوڑا بنائیں۔

دعوت نامہ۔ جب چند مسیحی کچھ مہینوں کے لئے ایک تحقیقاتی گروپ بنانے کا فیصلہ کر لیتے ہیں تو پھر ہر مسیحی اپنے غیر مسیحی دوست کو ان میٹنگز میں آنے کی دعوت دے۔

مقصد۔ لوگوں کو بتائیں کہ تحقیقاتی گروپ کا مقصد بائبل میں سے خدا، انسان اور زندگی کے متعلق سچائیوں کو دریافت کرنا اور ان پر تبادلہ خیال کرنا ہے۔

اکٹھے ملیں کریں۔ مسیحی کو چاہئے کہ ملاقات کی جگہ اپنے غیر مسیحی ساتھی کے ساتھ رہے اس کے پاس بیٹھے اور دریافت اور تبادلہ خیال کے وقت اس کے ساتھ ٹیم بنائے اور آخر میں وہاں سے اکٹھے نکلیں۔

3- تعارف۔

گروپ لیڈر سب کو خوش آمدید کہے۔ ہر کوئی اپنا تعارف خود کروائے (صرف نام، تعلیم اور پیشہ بتائیں)۔ گروپ لیڈر میٹنگ اور دریافت اور تبادلہ خیال کی رسائی کا مقصد حسب ذیل بتائے:

مقصد۔ تحقیقاتی گروپ کا مقصد مل کر خدا، انسان اور زندگی کے متعلق بائبل کی سچائیوں کو دریافت کرنا ہے۔

پڑھیں۔ ہم بائبل میں سے ایک باب (یا ایک عبارت) دو بار پڑھیں گے: پہلے مل اور پھر خاموشی میں اپنا اپنا۔ پہلے دور میں دیکھا ہوا ہر شخص اونچی

آواز میں ایک آیت پڑھے گا جب تک عبارت مکمل نہیں ہو جاتی۔ پھر ہر کوئی خاموشی سے اپنا اپنا پڑھیگا۔

سوالات۔ تین یا چار سوال نمایاں ہیں اور پہلے ہم دو دو کی جماعت میں ہر سوال پر تبادلہ خیال کریں گے۔

تبادلہ خیال۔ پھر ہم اپنی دریافتیں بیان کریں گے، تبادلہ خیال کریں گے اور پوری جماعت میں اپنے سوالات کی وضاحت کرنے کی کوشش کریں گے۔

خلاصہ۔ آخر میں تبادلہ خیال کا ایک خلاصہ ہوگا۔

4- بائبل کی پڑھائی۔

بائبل۔ ہر کسی کو چاہیے کہ بائبل کا ایک جیسا ترجمہ (نسخہ) استعمال کرے۔ آپ بائبل کی عبارت کی فوٹو کاپی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ ایک دوسرے کو اپنی اپنی بائبل دیں تا کہ چھوٹے گروپ کے ہر رکنی اور غیر رکنی کے پاس ایک بائبل ہو۔

مل کر پڑھیں۔ جب ہر کوئی بائبل کا باب یا عبارت نکال لے تو پھر ایک وارے کی صورت میں باری باری ایک ایک آیت پڑھتے جائیں۔

اکیلے پڑھیں۔ اس کے بعد ہر کسی سے کہیں کہ سب خاموشی سے اپنا اپنا پڑھیں۔

5- تحقیقاتی گروپ میں استعمال کرنے کے لئے سوالات کی اقسام۔

گروپ لیڈر کو چاہیے کہ ایسے سوالات استعمال کرے جو ہر رکنی کو اس باب میں انجیل کی سچائیاں دریافت کرنے میں مدد دے۔ مندرجہ ذیل نمایاں سوالات صرف مثالیں ہیں اور ہر ایک باب میں خصوصی بنائے جانے چاہئیں۔ گروپ لیڈر ہر بات کے لئے تین (یا چار) سوالات بنائے۔

گروپ 1:۔	"یسوع مسیح کیا کرتا ہے؟"۔ سوالات کی اقسام:	مثال کے طور پر:
-	یسوع لوگوں میں انفرادی طور پر اپنی دلچسپی کس طرح ظاہر کرتا ہے؟	
-	یسوع کس طرح ظاہر کرتا ہے کہ وہ لوگوں کی خدمات کو سمجھتا ہے؟	
-	یسوع کا مزاج اس کے مخالفوں سے کس طرح مختلف ہے؟	
-	یسوع زندگی کے مسائل کا سامنا کس طرح کرتا ہے؟ مثلاً رد کیا جانا، بیماری اور تعصب، تنقید، بغاوت، خود غرضی، مخالفت، اور موت وغیرہ۔	
-	یسوع لوگوں کی مدد کرنے کے لئے اپنی قابلیت کو کیسے ظاہر کرتا ہے؟	
-	یسوع زندگی کی کسی کیفیت پر اپنے اختیار کو کس طرح ظاہر کرتا ہے؟	
-	یسوع یہاں جو کچھ کر رہا ہے اس کی نشانی کیا ہے؟	
-	یسوع جو کچھ یہاں فرما رہا ہے اس کا کیا مطلب ہے؟ یا وہ ایسا کیوں کہتا ہے؟	
-	یسوع یہ کام کیوں کرتا ہے؟ مثال کے طور پر یسوع اس زمین پر کیوں آ رہا ہے؟	
-	یسوع کی باتوں اور کاموں سے ہم انسانی فطرت، زندگی یا دنیا کے متعلق کیا سیکھتے ہیں؟	

گروپ 2:۔	"یسوع مسیح کون ہے؟" سوالات کی اقسام	مثال کے طور پر:
	- یسوع کی شخصیت کا کونسا ان جیب پہلو اس خصوصی واقع کو ظاہر کرتا ہے؟	
	- یسوع اپنے بارے کیا دعویٰ کرتا ہے؟	
	- یسوع جب کہتا ہے کہ "میں دنیا کا نور ہوں" یا "زندگی کی روٹی میں ہوں" تو اس سے کیا مراد ہے؟	
	- یسوع لوگوں کے خیال میں کون ہے؟	
	- یسوع کے متعلق پرانے عہدنامہ کا نبی سینکڑوں سال پہلے کیا کہتا ہے؟	

گروپ 3:۔	"لوگ یسوع مسیح کے ساتھ ایک شخصی تعلق کس طرح بنا سکتے ہیں؟" سوالات کی اقسام:	مثال کے طور پر:
	- یسوع مسیح ہمارے ساتھ کس طرح کا تعلق چاہتا ہے؟	
	- یسوع کے کاموں اور تعلیم کا جواب مختلف لوگ کس طرح دیتے ہیں؟	
	- یسوع مسیح کے مطابق انسان کو اس کے ساتھ تعلق بنانے کے لئے کیا کرنا چاہیے؟	
	- یسوع مسیح ہم سے کیا توقع رکھتا ہے؟	
	- یسوع پر ایمان لانے والے شخص میں کیا تبدیلی آتی ہے؟	
	- یسوع کے ساتھ ایک ایماندار شخص اپنے تعلق میں کیا تجربہ کرنے کی توقع رکھ سکتا ہے؟	
	- یسوع کے ساتھ تعلق کو رد کرنے کے نتائج کیا ہوتے ہیں؟	
	- یسوع پر ایمان لانے کے لئے لوگ کیا دلائل استعمال کرتے ہیں؟	
	- "یسوع پر ایمان لانے" یا "یسوع کو اپنے دل اور زندگی میں قبول کرنے" سے کیا مراد ہے؟	
	- انسان عملی طور پر "اپنے دل اور اپنی زندگی میں یسوع کو کس طرح قبول کر سکتا ہے؟"۔	

6- دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔

باہمی عمل

تحقیقاتی گروپ کا کام ہے پڑھنا، بحث کرنا، کھول کھول کر بیان کرنا اور دلیل سے ثابت کرنا جیسا کہ اعمال 17 باب میں ہے۔ تبلیغ، تعلیم یا لوگوں کو فیصلہ کرنے کا چیلنج ہونا چاہیے۔ تحقیقاتی گروپ کا کام ہے ایک چھوٹی جماعت میں ایک دوسرے کے ساتھ برابری کی بنیاد پر باہمی عمل کرنا نہ کہ ایک بولنے والے کی طرف سے سننے والوں کو پیغام دینا۔

لوگ خود دریافت کریں۔

تحقیقاتی گروپ لوگوں کی مدد پر توجہ دیتا ہے کہ وہ خود اپنے لئے بائبل کی سچائیاں دریافت کریں چنانچہ (مسیحی اور غیر مسیحی) مخلوط گروپس میں دریافت اور تبادلہ خیال کے دوران مسیحی کو اپنے غیر مسیحی دوست کی مدد کرنی چاہیے تاکہ وہ خود مشاہدہ کرے اور اپنے نتائج اخذ کرے۔ ایک مسیحی اپنے دوست سے باہمی سوال پوچھ سکتا ہے مثلاً:

''ہم سوال سے متعلق کونسے حقائق تلاش کر سکتے ہیں؟''۔
''ہمارے خیال میں اس کا کیا مطلب ہے؟''۔
''آج ہم اس کا تعلق اپنے حالات سے کیسے کر سکتے ہیں؟''۔

گروپ لیڈر کا کام گفتگو کی نگرانی کرنا ہے۔
گروپ لیڈر کا کام گفتگو کا ماہر بن نا ہے بائبل ٹیچر نہیں۔

تعارف اور پھر بائبل پڑھنے کے بعد وہ پہلا ابتدائی سوال پوچھتا ہے۔

چھوٹے گروپس جو ایک مسیحی اور ایک غیر مسیحی دوست پر مشتمل ہوں، حقائق دریافت کرنے اور تقریباً پانچ منٹ تک جواب کے متعلق گفتگو کرنے کی کوشش کریں۔

پھر گروپ لیڈر اس سوال کے متعلق گفتگو کو واپس پورے گروپ میں لاتا ہے۔ وہ ہر کسی کو تحریک دیتے ہے کہ وہ اپنی ابتدائی دریافتیں اور اپنے نظریات بیان کریں گروپ کی گفتگو میں راہنمائی کرتا ہے۔

اپنی مرضی کے سوالات پوچھیں اور کسی خاص نقطہ پر بحث بھی کریں۔ وہ گروپ کو دریافت کی ہوئی سچائیوں کے متعلق گفتگو کی طرف لانے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ لوگوں کے تمام سوالات کو سنجیدگی سے لیتا ہے لیکن اس کو بنیادی مقصد سے دور نہیں جانے دینا چاہتے۔ جب یہ فائدہ مند ہو تو وہ مشکل سوال کا جواب دے سکتا ہے یا میٹنگ کے بعد بتا سکتا ہے۔

گفتگو کے تقریباً دس منٹ بعد گروپ لیڈر رضاکار لوگوں کے دلائل کو استعمال کرتے ہوئے سوال کا جواب اخذ کرتا ہے۔ پھر وہ دوسرا ابتدائی سوال پوچھتا ہے۔

تحقیقاتی گروپ کی میٹنگ کے آخر میں اس عمل کے تین (یا چار) بار دوہرانے جانے کے بعد گروپ لیڈر دریافتوں کا ایک مختصر خلاصہ بیان کرتا ہے اور ترجیحی طور پر سفید یا سیاہ بورڈ پر تشریح پیش کرتا ہے۔

7- تحقیقاتی گروپ میٹنگ کے بعد کا وقت۔

دعوت نامہ:۔
گروپ لیڈر کہتا ہے ''تحقیقاتی گروپ کی اس ہفتہ کی میٹنگ ختم ہوتی ہے۔ برائے مہربانی اگلے ہفتے تشریف لائیں۔ تحقیقاتی گروپ ہر ہفتہ فلاں فلاں وقت اور فلاں فلاں جگہ پر ملے گا۔ آپ کے لئے چائے وغیرہ کا بندوبست ہے پینے کے بعد اگر آپ کی کوئی مصروفیت ہے تو برائے مہربانی آپ جا سکتے ہیں۔

رابطہ میں رہنا:۔

جو مسیحی اپنے غیر مسیحی دوست کو تحقیقاتی گروپ کی میٹنگ میں لایا تھا اس کو چاہئے کہ اس دوست سے دیگر حالات میں بھی ملتا رہے۔ ان کو بائبل کی سچائیوں پر تبادلہ خیال کرنے کے مواقع مل سکتے ہیں۔

اُس پر توجہ دیں تا کہ وہ انجیل کو سمجھ سکے:۔

جب بھی غیر مسیحی دوست یسوع مسیح کو اپنی زندگی میں نجات دہندہ قبول کرنے میں ہچکچاہٹ یا تیار دکھائی دے تو مسیحی کو یقینی بنانا چاہئے کہ اس کا دوست انجیل کو سمجھتا ہے۔ لوگ اپنی زندگیوں میں اس طرح یسوع مسیح کو قبول کرتے ہیں وہ ان سے بہت مختلف ہو سکتا ہے۔ بعض اوقات زندگی میں یسوع کو قبول کرنے کے لئے اس کے ساتھ دوستانہ فائدہ مند ہے۔ بعض اوقات اس کے انجیل کو سمجھنے کے متعلق سوالات پوچھنا بہتر ہوتا ہے۔

انجیل کو مرکز نگاہ رکھنا:۔

تحقیقاتی گروپ بائبل کا ایک بنیادی مطالعہ ہے اور ہر ایک میٹنگ اپنے اندر ایک عمل پروگرام ہے۔ بعض غیر مسیحی دوست صرف ایک بار آئیں گے۔ بعض کبھی کبھار آیا کریں گے اور بعض ہر میٹنگ میں آئیں گے۔ اسلئے تحقیقاتی گروپ کی ایک میٹنگ کے دوران نشاندہی انجیل کی سچائیوں کو سوالات اور گفتگو کے ذریعے ہر ممکن طریقے سے واضح کر کے پیش کرنا۔

بعد میں نگہداشت رکھنا:۔

تحقیقاتی گروپ کو تب تک جاری رکھیں جب تک لوگوں کی چھوٹی جماعت مسیح کو اپنا نجات دہندہ قبول نہ کر لے۔ ان نئے مسیحیوں کو ایک ترقی پزیر جماعت یا شاگردوں کی جماعت (ایک نئی کلیسیا) بنائیں۔ اگر آپ کے پاس مسیحی کارکنوں کی ایک ٹیم ہے تو پھر تحقیقاتی گروپ سارا سال جاری رہ سکتا ہے۔ بعض ارکان تحقیقاتی گروپ میں شامل ہو جائیں گے اور بعض ترقی پزیر یا شاگرد جماعت میں۔ نئے مسیحی ایک وقت کے لئے تحقیقاتی گروپ میں جاری رہنے سے بہت زیادہ نفع ہو سکتے ہیں۔ بعض حالات میں ترقی پزیر گروپ اسی جگہ اور اسی وقت پر بطور تحقیقاتی گروپ مل سکتے ہیں لیکن بعد ازاں چائے وغیرہ پر اور دوستی کے لئے دوسرے کمرے میں مل سکتے ہیں۔

C- تحقیقاتی گروپ کے لئے بائبل کی تجویز کردہ عبارت۔

آپ متی، مرقس، لوقا، یوحنا کی انجیل اور رومیوں 3 باب اور افسیوں 2 باب کو اپنے تحقیقاتی گروپ کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ بائبل کی مندرجہ ذیل عبارات تحقیقاتی گروپ میں کارآمد ثابت ہو چکی ہیں۔

-1	متی 1:18-2:23	مسیح کی پیدائش
-2	متی 4:1-25	آزمائشیں، تعلیم، منادی، شفا
-3	متی 5:1-48	برکات، نمک اور نور، شریعت
-4	متی 6:1-34	خیرات، دعا، روزہ، پیسہ، پریشانی

-5	متی 7:1-29	بدگوئی، دعا، دروازے، درخت، معمار	
-6	متی 8:1-34	جفا، پیچھے چلنے کی قیمت	
-7	متی 9:1-38	جفا، بلاوا، روزہ، دعا	
-8	متی 11:1-30	معجزات، بادشاہی، پہنچنے کے لئے آرام	
-9	متی 12:1-50	سبت، خادم، بادشاہی، خاندان	
-10	متی 13:24-51	تمثیلیں	
-11	متی 15:1-20	پاک اور ناپاک	
-12	متی 18:1-35	تمثیلیں	
-13	متی 19:1-30	شادی، فرزند، دولتمند آدمی	
-14	متی 20:1-28	تمثیل، موت، قیادت	
-15	متی 21:28-46	تمثیلیں	
-16	متی 22:1-40	تمثیل، حکومت، شادی، محبت	
-17	متی 23:1-39	ریاکار	
-18	متی 24:1-51	آمد ثانی	
-19	متی 25:1-46	آمد ثانی، آخری عدالت	
-20	متی 26:31-75	جانفشانی، گرفتاری، مقدمہ	
-21	متی 27:1-66	مقدمہ، مصلوبیت، دفن	
-22	متی 28:1-20	جی اٹھنا، ارشادِ عظیم	
-1	مرقس 1:1-45	قدرت+روحانی، خدا+آزمایا گیا، ماتحت+رحیم و کریم	
-2	مرقس 2:1-27	اختیار، بیمار+صحت مند، پرانا+نیا	
-3	مرقس 3:1-27	مذہبی اصول+انسانی ضرورت، بدروح+پاک روح، زمینی خاندان+خدا کا خاندان	
-4	مرقس 4:35-5:43	اختیار، نظر، شیاطین، لاعلاج امراض اور موت پر اختیار	
-5	مرقس 10:1-52	طلاق، فرزند، دولتمند، قائدین اور اس کی مصلوبیت	
-6	مرقس 15:1-47	مقدمہ، رد کیا جانا، مصلوبیت، دفن	
-1	یوحنا 1:1-51	یسوع کے مجسم ہونے سے پیشتر شاگردوں کو بلانا	
-2	یوحنا 2:1-23	ضیافت، ہیکل	
-3	یوحنا 3:1-21	نئی پیدائش، نجات، بلاکت	
-4	یوحنا 4:1-42	روح القدس+روحانی پرستش	

-5	یوحنا 5:1-47	خدا کے ساتھ یسوع کے رشتہ کے متعلق دعوے+یسوع کے متعلق گواہیاں
-6	یوحنا 6:1-15,25-72	ہلاک کرنے والی روٹی+زندگی کی روٹی
-7	یوحنا 8:1-59	یسوع کے دعوے
-8	یوحنا 9:1-41	جسمانی اندھاپن+روحانی اندھاپن
-9	یوحنا 10:1-39	چرواہا اور بھیڑیں
-10	یوحنا 11:1-57	مُعجزہ+ایذا رسانی
-11	یوحنا 12:1-50	موت کی پیشں گوئی+یہودیوں کی بے اعتقادی
-12	یوحنا 13:1-38	پکڑوانے اور رد کئے جانے کی پیشں گوئی
-13	یوحنا 14:1-27	یسوع کے دعوے+روح القدس
-14	یوحنا 15:1-27	انگور کا درخت اور ڈالیاں، دُنیا کی نفرت
-15	یوحنا 17:1-26	یسوع کی دُعا
-16	یوحنا 18:1-40	پکڑوایا جانا، مقدمات
-17	یوحنا 19:1-42	سزائے موت، مصلوبیت، دفن
-18	یوحنا 20:1-31	جی اٹھنا، ظاہر ہونا

-1	یسعیاہ 52:13-53:12	یسوع مسیح کے مجسم دُکھ+فتح کے متعلق نبوت
-2	رومیوں 3:9-31	راستبازی کی ضرورت+ایمان کے وسیلہ سے ایمان
-3	افسیوں 2:1-10	گناہوں کے اعتبار سے مُردہ+مسیح میں زندہ
-4	اعمال 1:1-11- تھسلنیکیوں 4:13-5:11	آسمان پر جانا+آمد ثانی
-5	کلسیوں 1:15-23;2:9-15	یسوع کے جلال سے قبل
-6	مکاشفہ 20:11-21:8,21:22-22:6	آخری عدالت+نیا آسمان اور نئی زمین

D- ایک تحقیقاتی گروپ کے پروگرام کی ایک مثال۔

یہاں ایک تحقیقاتی گروپ کے پروگرام کی مثال ہے

1- **تعارف:۔**

ہر مسیحی اپنے غیر مسیحی دوست کے ساتھ جائے۔ بتائے کہ تحقیقاتی گروپ کا مقصد بائبل میں سے خدا، انسان اور زندگی کے متعلق سچائیوں کو دریافت کرنا اور ان پر تبادلہ خیال کرنا ہے۔

2- پڑھائی:۔

بائبل میں سے ایک باب یا ایک عبارت دو دفعہ پڑھیں۔ بائبل کے ایک ہی ترجمہ یا عبارت کی فوٹو کاپی استعمال کریں۔
پہلے مل کر متی 9:1-38 کو پڑھیں۔ دائرہ میں بیٹھ جائیں اور ہر ایک باری باری پڑھتا جائے۔ پھر ہر کوئی خاموشی میں اپنے لئے متی 9:1-38 کو پڑھے۔

3- سوالات:۔

گروپ لیڈر نے مندرجہ ذیل چار ابتدائی سوالات تیار رکھنے تھے:

سوال1- یسوع لوگوں میں انفرادی طور پر اپنی دلچسپی کس طرح ظاہر کرتا ہے؟

سوال2- ایک مفلوج آدمی کو شفا دینے کے واقع میں یسوع کی شخصیت کے کون کون سے پہلو سامنے آتے ہیں؟

سوال3- جب یسوع فرماتا ہے کہ "فصل تو بہت ہے لیکن مزدور تھوڑے ہیں" (متی 9:37) تو اس سے یسوع کا کیا مطلب ہے؟

سوال4- اس باب میں لوگوں نے یسوع کو کس طرح فرق فرق جواب دیئے؟


پوری جماعت میں گفتگو شروع کرنے سے پہلے ایک مسیحی اور اسکے ایک غیر مسیحی دوست پر مشتمل چھوٹے گروپ میں پانچ منٹ تک ہر ایک ابتدائی سوال پر گفتگو کریں

4- تبادلہ خیال:۔

چھوٹے گروپ میں کی گئی دریافتوں کو بیان کریں اور ان پر تبادلہ خیال کریں۔ پوری جماعت میں سوالات کو بالکل واضح کرنے کی کوشش کریں۔ ہر ایک ابتدائی سوال اور گفتگو پر تقریباً دس منٹ لگائیں۔

5- خلاصہ:۔

ہر ابتدائی سوال اور گفتگو کے اختتام پر گروپ کے ارکان کی شراکتوں کو استعمال کرتے ہوئے جواب اخذ کریں۔ تحقیقاتی گروپ کی ہر میٹنگ کے اختتام پر ایک تشریح وضع کرنے سے دریافتوں کا خلاصہ اخذ کریں جو متی 9:38 میں گروپ کی دریافت کردہ سچائیوں کو بیان کرتا ہو۔ یہاں متی 9:1-38 کی تشریح ہے۔



ہفتہ بھر کسی کو تحقیقاتی گروپ کی اگلی میٹنگ میں دعوت دیں۔

[redacted]

آج آپ نے خدا کے کلام سے کچھ سیکھا ہے باری باری اس کے جواب میں ایک مختصر دعا کریں اور یہی عمل دوہرائیں۔ گروپ میں کریں۔

[redacted]

گروپ لیڈر: گروپ کے ارکان کو مکمل کرنے کے لئے یہ تیاری لکھ کر دیں یا ان کو ذہن نشین کرنے کے لئے دیں۔

1 عہد : شاگرد بنانے کا عہد کریں

کسی دوسرے شخص کے ساتھ مل کر "تحقیقاتی گروپ" کی منادی کریں تعلیم دیں یا مطالعہ کریں۔

دعا کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ کو غیر مسیحیوں کے ساتھ ایک نئی جماعت شروع کرنی چاہئے یا نہیں

2۔ خدا کے ساتھ شخصی وقت گذاریں۔

ہر روز یشوع 5:13-8:35 کے لئے باب سے خدا کے ساتھ شخصی وقت گذاریں پسندیدہ ہچانی کا طریقہ استعمال کریں نوٹس بنائیں

3۔ بائبل کا مطالعہ۔

گھر پر اگلے سبق کی تیاری کریں۔ 1- تھیسلنیکیوں 6:3-19۔ موضوع دنیا میں پیار۔

بائبل سٹڈی کا پانچ الگ الگ طریقہ استعمال کریں اور نوٹس بنائیں۔

4۔ دعا: اس ہفتہ کسی شخص یا کام کے لئے دعا کریں اور پھر دیکھیں کہ خدا کیا کرتا ہے (زبور 5:3)۔

5۔ شاگرد بنانے کے متعلق اپنی نوٹ بک میں نیا اندراج کریں، پر تعلیم اور اس تیاری کے نوٹس کو شامل کریں۔